

## اشارات

تعطیل - چھٹی

یہودان - یہودی کی جمع

نصرانیاں - نصرانی کی جمع

وفات - انتقال

شد - ہوا

شدند - ہوئے

می دہند - دیتے ہیں

می گیرند - رکھتے ہیں

یکم - اول/ پہلا

دہم - دسویں

نہم - نویں

پانزدہم - پندرہویں

دوازدہم - بارہویں

امروز - آج

دیروز - گزشتہ کل

پری روز - آئندہ کل

## تمرین

(۱) فارسی میں کہیے:-

آج سنیچر ہے - کل جمعہ تھا - کل اتوار ہوگا - آج منگل ہے - گزشتہ کل پیر تھا -
آئندہ کل بدھ ہے - آج جمعرات ہے - یہ محرم کا مہینہ ہے -
ذی الحجہ میں فریضۂ حج ادا کرتے ہیں - دسویں محرم میں روزہ رکھتے ہیں۔

(۲) مندرجہ ذیل دنوں کو ترتیب سے لکھیے :-

سہ شنبہ - یک شنبہ - چہارشنبہ - جمعہ - دوشنبہ - شنبہ - پنج شنبہ

(۳) مندرجہ ذیل مہینوں کو ترتیب سے لکھیے:-

رمضان - صفر - جمادی الاول - محرم - ربیع الآخر - شوال -
رجب - ذی الحجہ - ذی قعدہ - ربیع الاول - شعبان - جمادی الآخر -



(۴) خالی جگھوں کو پُر کیجئے: -

یکم ...................... عیدالفطر است - دہم ...................... عیدِقربان است۔

درنہم ...................... مسلمانانِ عالم فریضۂ حج ادا کنند۔

پانژدہم ............................ شبِ برات است۔

بست ہفتم ........................... شبِ معراج است۔

در ماہِ رمضان مسلمانان ........................... می گیرند۔

## راہنمائی

اساتذہ طلبا کو اعداد کی ترتیب خوب اچھی طرح سمجھادیں جیسے یک سے یکم دو سے دوم وغیرہ۔
طلبا کو دنوں اور مہینوں کے نام اچھی طرح یاد کرادیے جائیں تاکہ وہ عام بول چال میں استعمال کرسکیں۔


چند مصادر اور ان کے معنی : -

| | |
|---|---|
| آفریدن - پیدا کرنا | دانستن - سمجھنا ، جاننا |
| آغازیدن - شروع کرنا | نوشتن - لکھنا |
| آلودن - آلودہ ہونا / کرنا | خندیدن - ہنسنا |
| بودن - ہونا | خفتن - سونا |
| باریدن - برسنا | خوابیدن - سونا |
| دیدن - دیکھنا | گرفتن - پکڑنا / اختیار کرنا |



# درس نهم

## اعضاے بدن




این سرم است - سرم درد می کند - من دو چشم دارم - چشم نازک ترین
عضوِ بدن است - چشم براے دیدن است - گوش براے شنیدن است -
من دو گوش دارم - من یک بینی دارم - بینی براے بُوئیدن و نفس کشیدن است -
براے کار کردن من دو دست ها دارم - در هر دست پنج انگشت ها اند- من دو پا ها دارم -
من یک زبان دارم، و زبان براے گفتن است- زبان از کذب پاک دارید۔



## اشارات

عضو - بدن کا حصہ

برایے - لیے

شنیدن - سننا

گوش - کان

بوئیدن - سونگھنا

نفس - سانس

کشیدن - کھینچنا

انگشت - انگلی

کردن - کرنا

نازک ترین - سب سے زیادہ نازک

گفتن - کہنا

کذب - جھوٹ

درد می کند - درد کرتا ہے

دارم - میں رکھتا ہوں

من بینم - میں دیکھتا ہوں

آہو - ہرن

دندان - دانت

## تمرین

۱ فارسی میں کہیے:

میں ایک کتاب رکھتا ہوں - ہاتھی بہت بڑے کان رکھتا ہے -

ہرن کی آنکھیں بہت خوبصورت ہیں - احمد کا بھائی بہت ذہین ہے -

میرا بھائی اسکول میں ہے - اسکول کا نام "عالی شان اردو پرائمری اسکول" ہے -

میرے دو پیر ہیں - پیر چلنے کے لیے ہیں - میرے سر کا بال کالا ہے -

۲ جملے بنائیے:- گوش - بینی - دست - پا - دہن - انگشت - دندان

۳ خالی جگہوں کو پُر کیجئے :-

گوش برایے ...................... است۔ چشم برایے ......................است

بینی برایے ...................... است۔ دست برایے ......................است



# راہنمائی

اساتذہ طلبا کو تصویر کی مدد سے بدن کے اعضاء کی پہچان کرادیں اور سوال و جواب میں ان لفظوں کو استعمال کرنے کی کوشش کریں۔

☆☆☆